دہلی پبلک اسکول، سرینگر

مضمون: اُردو　　　　　　　　　　　　　　　　　　جماعت: پنجم

موضوع: مُحاورات معانی جملے

مُحاورات (Idioms) اُردو زبان میں وہ کلمے یا کلام کہلاتے ہیں جنھیں اہلِ زبان نے لغوی معانی کی مُناسبت یا غیر مُناسبت سے کسی خاص مفہوم کے لئے مخصوص کرلیا ہو۔ مُحاورات کی مدد سے ہماری زبان میں اختصار آجاتا ہے۔ باہمی گفتگو میں ہم مُحاورات سے حقیقی معنی کے بجائے مجازی معنی مُراد لیتے ہیں۔

تفصیل:

مُحاورات (Idioms) وہ کلمے یا جملے ہوتے ہیں جنھیں اُردو زبان میں اصلی معانی کے بجائے رسمی یا بنے بنائے معانی کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مُحاورات ہماری زبان کا ایک اہم حصّہ ہیں ان کی مدد سے ہماری زبان میں اختصار اور تاکید آجاتی ہے۔ مُحاورات کی مدد سے ہمارا بیان گہرا بن جاتا ہے۔ جیسے: ''احمد چالاک ہے'' اگر اِسی بات کو مُحاورے کی صورت میں کہا جائے تو ''احمد آتش کا پرکالہ ہے'' بن جائے گا۔ اِسی طرح اہلِ زبان نے بےشُمار مُحاورات بنائے ہیں جو ہماری روزمرہ کی گفتگو کا ایک اہم اور ضروری حصّہ بنے ہوئے ہیں۔ اُردو زبان کے چند عام اور مشہور مُحاورات اُن کے معانی اور جملوں میں اُن کا استعمال:

مُحاورات	معانی	جملے
۱۔ اللہ اللہ	کیا خُوب یا عجیب ہے۔	اللہ اللہ کیا خوبصورت باغ ہے۔
۲۔ آب آب ہونا	شرمندہ ہونا	احمد کی چوری پکڑی گئی وہ آب آب ہوگیا۔

مُحاورات	معانی	جملے
۳۔آتش کا پر کالہ	چالاک	حاذِق آتش کا پر کالہ ہے۔
۴۔آسمان سر پر اُٹھانا	شور مچانا	بچّے آسمان سر پر اُٹھا لیتے ہیں۔
۵۔باغ باغ ہونا	بہت خوش ہونا	کامیابی کی خبر سُن کر سحر باغ باغ ہو گئی۔
۶۔پانی پانی ہونا	شرمندہ ہونا	احتشام کا راز فاش ہوا تو وہ شرم سے پانی پانی ہو گیا۔

سوال: درج ذیل مُحاورات اور ان کے معانی بغور پڑھیے اور ان کو جملوں میں استعمال کیجیے۔

مُحاورات	معانی	جملے
۱۔آڑے ہاتھوں لینا	ڈانٹنا، کوسنا	--------------------------------
		--------------------------------
۲۔آج کل کرنا	وعدہ خلافی کرنا،	--------------------------------
	ٹال مٹول کرنا	--------------------------------
۳۔بات کُھلنا	راز معلوم ہونا	--------------------------------
		--------------------------------
۴ پہاڑ ٹُوٹ پڑنا	مُصیبت کا نازل ہونا	--------------------------------
		--------------------------------
۵۔تارے توڑنا	انوکھا کام کرنا	--------------------------------
		--------------------------------

نوٹ: درج بالا تمام مُحاورات ان کے معانی اور جملوں کو خوشخطی میں لکھیے اور زبانی یاد کیجیے۔